SANGAT DEVELOPMENT FOUNDATION

Local Government & Community Development (LG&CD) Department

WISE
Women in Struggle for Empowerment

# خاتون سہولت مرکز

## Mobilization of Women for Improved Participation in Local Government

- ✓ **خاتون سہولت مرکز** ، دفتر میونسپل کارپوریشن، شیخوپورہ۔ رابطہ نمبر: 0333-8714474
  Women Facilitation Center Shekhupura
- ✓ **خاتون سہولت مرکز** ، دفتر میونسپل کمیٹی، ننکانہ صاحب رابطہ نمبر: 0300-8002398
  Women Facilitation Center Nankana Sahib
- ✓ **خاتون سہولت مرکز** دفتر میٹروپولیٹن کارپوریشن 165، جی ٹی روڈ، لاہور۔ رابطہ نمبر: 03289812031
  Women Facilitation Center, Lahore


Basement, Sufi Mansion, 7-Egerton Road, Lahore-Pakistan. +92 42 36305645
Email: info@wise.pk www.wise.pk wise.npo wisenpo wise_pakistan


- مقامی حکومتوں کے تحت چلائی جانے والی آگاہی مہمات مثلاً شجرکاری، صفائی ستھرائی، ڈینگی سے بچاؤ وغیرہ کو مؤثر بنانے میں شہریوں کی شرکت کو بڑھانا
- مقامی کھیلوں کے فروغ کے لئے مقامی سطح پر متعلقہ اداروں سے مل کر کھیلوں کا انعقاد کروانا
- مقامی حکومتوں کے انتخابات میں حصہ لینے کی خواہش مند خواتین (امیدوار) کے لئے مناسب تعلیم و تربیت کے مواقع فراہم کرنا

## خاتون سہولت مرکز معلومات و راہنمائی بابت

- عوامی پارکوں کی دیکھ بھال
- گلیوں اور نالیوں کی پختگی
- عوامی تہوار اور ثقافتی سرگرمیوں کا فروغ
- پینے کے صاف پانی کی فراہمی
- زمین کے استعمال کی منصوبہ بندی
- رہائشی اور کاروباری عمارتوں کے نقشوں کی منظوری
- شادی اور طلاق کا اندراج
- پیدائش اور اموات کا اندراج
- سٹریٹ لائٹس کی تنصیب
- نکاسی آب کا بہتر نظام
- فراہمی مزبح خانہ
- کوڑا کرکٹ کی صفائی
- سماجی تحفظ کی سکیمیں

## پراجیکٹ کے مقاصد

- مقامی حکومتوں کی طرف سے خدمات کی فراہمی کے تناظر میں شہریوں کو ان کے مسائل کو اجاگر کرنے میں سہولت فراہم کرنا
- مقامی حکومتوں، رہائشیوں اور انتظامیہ کے درمیان ان کے مسائل کے حل کے لئے قریبی روابط اور رابطہ قائم کرنا
- بہتر خدمات کی فراہمی کے حصول کے لئے باہمی عمل کے بارے میں شہریوں میں بیداری کو فروغ دینا

## مندرجہ بالا مقاصد کے حصول کے لئے درج ذیل اقدامات کیے جا رہے ہیں

- ماہانہ بنیادوں پر منعقدہ کھلی کچہریوں میں خواتین کو متحرک کرنا
- خاتون سہولت مرکز کا قیام
- خواتین کونسلرز کی قیادت کو مؤثر کمیونٹی لیڈرز کے طور پر بنانا
- مقامی حکومت کی خدمات کی فراہمی میں نوجوانوں کی آگاہی مہمات کے ذریعے شمولیت
- نوجوانوں کو مقامی حکومت کے بارے میں ٹھوس تعلیم فراہم کرنا
- مقامی کھیلوں کے فروغ و استحکام کے لئے کھیلوں کے مقابلہ جات کا انعقاد

# خاتون سہولت مرکز

## پس منظر

لوکل گورنمنٹ اداروں مثلاً میونسپل کمیٹی یا میونسپل کارپوریشن میں زیادہ تر مرد حضرات ہی ہوتے ہیں اس لئے گھریلو خواتین اپنے روزمرہ کاموں جیسے پیدائش کا اندراج، نکاح نامہ کا اندراج، طلاق کا اندراج یا غیر شادی شدہ کا سرٹیفکیٹس لینے کے لئے خود آنے سے ہچکچا رہی ہوتی ہیں کیونکہ مرد افسران کے پاس مرد وسائلین کا رش لگا رہتا ہے اسی طرح خواتین روزمرہ پیش آنے میونسپل (سروسز) مسائل کے لئے بھی مردوں پر انحصار کرتی ہیں کہ مرد ہی میونسپل کمیٹی کے دفتر جائے اور شکایت درج کروائے مردوں کے معاشرے میں خواتین کی دفاتر میں رسائی نہیں ہوتی یا خواتین کو اپنے گھروں سے اجازت نہیں ہوتی کہ وہ کسی غیر مرد سے بات کر سکیں۔ دوسری طرف چونکہ متوسط طبقہ کے لوگ محنت مزدوری کرتے ہیں اس لئے بھی اپنے کسی مسئلے کے حل کے لئے چھٹی کر کے ہی دفتر کا چکر لگایا جا سکتا ہے اور ایک ہی وزٹ میں کام نہیں ہوتا اس کے لئے بار بار جانا پڑتا ہے۔ مرد اپنے ذریعہ معاش کے لئے مصروف کار رہتے ہیں جس کی وجہ سے ان کے رہائشی علاقوں میں سیوریج سسٹم بند رہتے ہیں، گلیاں گندی رہتی ہیں، صاف پانی کی فراہمی ہی نہیں ہو پاتی اور دیگر کام جن میں بچوں کی پیدائش کا اندراج شامل ہے التواء کا شکار رہتے ہیں۔

ان مراکز ''خاتون سہولت مرکز'' میں خواتین سٹاف ممبرز روزانہ کی بنیاد پر دفتری اوقات میں خدمات فراہم کرتی ہیں جبکہ علاقہ کی خواتین لوکل گورنمنٹ کونسلرز، سابق کونسلرز اور نوجوان رضا کار بھی معاونت و رہنمائی کے لئے موجود ہوتی ہیں۔ مقامی خواتین وزیٹر (متاثرہ خواتین) اپنے مسائل بغیر کسی ہچکچاہٹ کے خواتین سٹاف کو بتا رہی ہیں۔ ''خاتون سہولت مرکز'' پر تعینات سٹاف ان خواتین کے بلدیاتی مسائل مثلاً صاف پانی کی فراہمی، پیدائش اموات سرٹیفکیٹ، کوڑا کرکٹ کی صفائی، نکاسی آب کا بہتر نظام، گلیوں اور نالیوں کی تعمیر، سٹریٹ لائٹس کی تنصیب اور مرمت، رہائشی اور کاروباری، آوارہ کتوں کا قلع قمع، پیدائش و اموات کا اندراج، نقشوں کی منظوری، عوامی پارکس کی دیکھ بھال، شادی و طلاق کا اندراج، مذبح خانوں کی فراہمی، زمین کے استعمال کی منصوبہ بندی، لینڈ پلاننگ، سڑکوں اور ٹریفک سگنلز کی مرمت وغیرہ کی مقامی بلدیاتی انتظامیہ کے ذریعے حل کروانے کی پوری کوشش کرتا ہے۔ خواتین کے میونسپل مسائل کے علاوہ سوشل ویلفیئر ادارہ سے متعلقہ مسائل جیسے معذور افراد اور بچوں کا وظیفہ لینا، بیوہ عورتوں کی مالی امداد، تعلیمی اخراجات کی درخواست، بیوہ عورتوں کی بچیوں کی شادی کی گرانٹ اور دیگر سہولیات شامل ہیں۔ اسی طرح بینظیر انکم سپورٹ پروگرام میں خواتین کی رجسٹریشن کروانا، پولیس سے متعلقہ خواتین کو دیگر درپیش مسائل، نادرا سے متعلقہ، جائیداد میں حصہ نہ ملنا، جنسی ہراسانی کا سامنا کرنا جیسے مسائل کے حل کے رہنمائی فراہم کی جاتی ہے اور متعلقہ اداروں میں ریفر کر کے ان کو حل کروانے کی کوشش کی جاتی ہے۔

## ''خاتون سہولت مرکز'' کا قیام

خواتین کو مندرجہ بالا مسائل سے نپٹنے کے لئے اور سہولت فراہم کرنے کے لئے سنگت ڈویلپمنٹ فاؤنڈیشن نے ''میونسپل خدمات کی بہتر فراہمی میں شہریوں کی شراکت'' کے پائلٹ پروجیکٹ ''بولو اور بڑھو'' کے تحت پنجاب کے چار اضلاع میں منڈی بہاؤالدین کی میونسپل کمیٹی منڈی بہاؤالدین اور ٹوبہ ٹیک سنگھ کی تحصیل گوجرہ (میونسپل کمیٹی گوجرہ) خانیوال کی تحصیل کبیر والہ (میونسپل کمیٹی کبیر والہ) اور شیخوپورہ تحصیل (میونسپل کارپوریشن شیخوپورہ) کے ساتھ مارچ 2022ء میں سنگت ڈویلپمنٹ فاؤنڈیشن نے ایک مفاہمتی یادداشت (MOU) پر دستخط کیے تھے۔ ان مفاہمتی یادداشتوں کے تحت ان اداروں کی طرف سے سنگت ڈویلپمنٹ فاؤنڈیشن کو ایک مناسب کمرہ برائے ''خاتون سہولت مرکز'' مختص کر دیا گیا ہے جہاں دیگر دفتری ضروریات کی فراہمی کو سنگت ڈویلپمنٹ فاؤنڈیشن نے یقینی بنایا ہے۔ اب دوبارہ توسیعی پراجیکٹ میں لاہور اور جہلم کو بھی شامل کیا گیا ہے۔ اور ماسوائے شیخوپورہ تمام پراجیکٹ اضلاع میں متعلقہ مقامی حکومتی اداروں کے ساتھ مفاہمتی یادداشت پر دستخط ہوئے۔

''بولو اور بڑھو'' پراجیکٹ کے تحت سنگت ڈویلپمنٹ فاؤنڈیشن پنجاب کے چھ اضلاع (شیخوپورہ، جہلم، لاہور، ٹوبہ ٹیک سنگھ، منڈی بہاؤالدین، اور خانیوال) میں مقامی مسائل کے حل کے لئے شہریوں، متعلقہ ایڈمنسٹریشن، لوکل گورنمنٹ اداروں اور منتخب نمائندگان کی باہمی مدد سے مقامی حکومتوں سے متعلقہ یا مقامی سطح کے انفرادی اور اجتماعی بلدیاتی مسائل کے حل کے لئے مشترکہ کوششوں کا اہتمام کر رہی ہے تا کہ مقامی اتھارٹیز، انتظامیہ کے ذریعے مسائل کو فوری طور پر حل کروا کر خواتین شہریوں کو ریلیف مل سکے۔ اس سارے عمل میں وائز نے اس سال لاہور، شیخوپورہ اور ننکانہ صاحب میں خاتون سہولت مرکز کو چلانے میں معاونت کی ہے۔

## خاتون سہولت کی مرکز کی خدمات اور سہولیات

- شہری بالخصوص خواتین کے مسائل کے حل کے لئے متعلقہ اداروں اور افسران تک رسائی میں معاونت فراہم کرنا
- سائلین و درخواست لکھنے، آن لائن یا ہیلپ لائن پر درج کروانے میں معاونت فراہم کرنا
- مقامی حکومت کے بارے میں تعارفی و معلوماتی مواد کے علاوہ سماجی تحفظ کی سکیموں کے متعلق اشاعتی مواد کی فراہمی ممکن بنانا